کیا magic show دیکھنا جائز ہے؟

دارالافتاء اہلسنت (دعوت اسلامی)

سوال

کیا magic show دیکھنا جائز ہے؟

جواب

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلْجَوَابُ بِعَوْنِ الْمَلِکِ الْوَھَّابِ اَللّٰھُمَّ ھِدَایَۃَ الْحَقِّ وَالصَّوَابِ

عمومی طور پر میجک شو(Majic Show) شعبدہ بازی پر مشتمل ہوتے ہیں اور شعبدہ باز کے افعال حرام ہیں لہذا ایسے میجک شو (Majic Show) دیکھنا اور کرنا، دونوں شرعا ناجائز و حرام ہیں، نیز جب ایسا شو کرنا حرام ہے، تو اس کا تماشہ دیکھنا بھی حرام ہے کہ جس کا کرنا حرام ہو اس کا تماشہ بنانا بھی حرام ہوتا ہے۔

سیدی اعلیٰ حضرت امام اہل سنت امام احمد رضا خان علیہ رحمۃ الرحمٰن فرماتے ہیں: "شعبدہ بازبھان متی بازیگر کے افعال حرام ہیں اور اس کا تماشہ دیکھنا بھی حرام ہے کہ حرام کو تماشہ بنانا حرام ہے۔" (فتاوی رضویہ، جلد21، صفحہ159، رضا فاؤنڈیشن، لاھور)

وَاللّٰہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

مجیب: مولانا اعظم عطاری مدنی

فتوی نمبر: WAT-4542

تاریخ اجراء: 23جمادی الثانی 1447ھ/15دسمبر2025ء

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)

دارالافتاء اہلسنت
DARUL IFTA AHLESUNNAT

www.fatwaqa.com
daruliftaahlesunnat
DaruliftaAhlesunnat
Dar-ul-ifta AhleSunnat
feedback@daruliftaahlesunnat.net